97276 ـ خواتین کی آواز میں قرآن کریم کی تلاوت سننے کا حکم

سوال

مختلف اسلامی ممالک میں منعقد کیے جانے والے حفظ قرآن کریم کے مقابلوں میں خواتین کی طرف سے کی جانے والی تلاوت سننے کا کیا حکم ہے؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

"اس حوالے سے مجھے کوئی حرج معلوم نہیں ہو رہا، بشرطیکہ خواتین اور مرد الگ الگ ہوں، مقابلے کی جگہ میں مخلوط ماحول نہ ہو، مرد و خواتین الگ الگ ہوں، نیز خواتین نے مردوں سے پردہ بھی کیا ہو۔

جبکہ تلاوت سننے کے بارے میں یہ ہے کہ اگر تلاوت کلام الہی میں غور و فکر اور تدبر کی نیت سے سنی جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ، لیکن اگر خواتین کی آواز سے لذت حاصل کرنے کے لیے ہو تو جائز نہیں ہے۔ لہذا اگر مقصد یہ ہے کہ قرآن سن کر سمجھنا اور استفادہ کرنا تو اس میں ان شاء اللہ کوئی حرج نہیں ہے۔" ختم شد

فتاوی نور علی الدرب ، از شیخ ابن باز (2 / 100)

واللہ اعلم